Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | پیر، 23 ستمبر 2024ء ، 18 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 171

جلسوں کیلئے میدان بھرنے کے بجائے معاشی حالت بہتر بنانا ضروری ہے، شہباز شریف

انتشاری سیاست مسترد کر کے عوام نے معاشی پالیسیوں میں بہتری کو ترجیح دی ہے، عوام مہنگائی میں کمی، اپنے مسائل کا حل اور معاشی بہتری چاہتے ہیں

جلسے 2028 میں کریں گے، ابھی عوام سے کئے گئے وعدے پورے کرنے کے لئے محنت کرنے کا وقت ہے، وزیراعظم کی ملک کی سیاسی و معاشی صورت حال پر گفتگو

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف فرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر کیلئے سفارشات کا جائزہ لینے بارے خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

لندن (نمائندہ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ انتشاری سیاست مسترد کر کے عوام نے معاشی پالیسیوں میں بہتری کو ترجیح دی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کی سیاسی و معاشی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام مہنگائی میں کمی، اپنے مسائل کا حل اور معاشی بہتری چاہتے ہیں، جلسوں کے لئے میدان بھرنے کی کوشش کرنے کے بجائے عوام کی معاشی حالت بہتر (بقیہ نمبر 1)

آئی پی پیز کے ملکی معیشت میں جاری کے حوالے سے حقائق منظر عام پر آگئے

بنگلہ دیش اور ویتنام کے مقابلے میں پاکستان میں اسی پیداواری صلاحیت کے ڈالر پاکستان چارگنا مہنگے لگائے

مجھے آئی پی پیز نے غلط کنٹریکٹ کی وجہ سے بغیر بجلی پیدا کیے حکومت سے اربوں وصول کیے

اسلام آباد (این این آئی) انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز کی جانب سے ملکی معیشت کو نقصان پہنچانے اور دھوکا دہی کے حقائق منظر عام پر آگئے

جن میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بعض بجلی گھروں نے غلط معاہدوں کے باعث بغیر بجلی پیدا کیے حکومت سے اربوں (بقیہ نمبر 2)

یروشلم پوسٹ نے عمران خان کو اسرائیل کا حمایتی قرار دیدیا

سابق وزیراعظم اسرائیل مخالف بیان دینے کے باوجود اسرائیل سے بہتر تعلقات کے اشارے دیتے رہے، آرٹیکل

یروشلم (این این آئی) اسرائیلی اخبار یروشلم پوسٹ نے آرٹیکل میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کو اسرائیل کا حمایتی قرار دے دیا گیا۔ یروشلم پوسٹ نے اسرائیل کے اخبار ہاٹز آرٹ اسرائیل کے دعووں کی تصدیق کی ہے۔ اسرائیلی اخبار کے (بقیہ نمبر 5)

ہسپتال میں نشہ آور انجکشن لگا کر 14 سالہ لڑکی سے زیادتی

متاثرہ لڑکی کی والدہ کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کردی ہے

فیصل آباد (پی پی آئی) فیصل آباد کے الائیڈ ہسپتال کے ملازم نے 14 سالہ مریضہ کو میڈیسن انجکشن لگا کر جنسی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ پولیس کے مطابق افغان آبادی رہائشی خاتون کی 14 سالہ بیٹی بیمار تھی جس کے (بقیہ نمبر 4)

زوب میں پولیس کی گاڑی پر فائرنگ 3 اہلکار شہید

فائرنگ کا یہ واقعہ دہشت گرد آئی ای خان قومی شاہراہ پر پیش آیا جہاں دہشتگردوں نے انسداد دہشتگردی فورس کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کردی

کوئٹہ (این این آئی) صوبہ بلوچستان کے علاقے ژوب میں پولیس کی گاڑی پر سرچ افراد کے حملے میں انسداد دہشت گردی فورس کے 3 اہلکار شہید ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دہشت گردوں نے ژوب (بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف فرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر کیلئے سفارشات کا جائزہ لینے بارے خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

ٹماٹر اور پیاز سمیت سبزیوں کی کاشت بڑھانے کیلئے کوآپریٹو فارمنگ متعارف کرانے کا فیصلہ

مصنوعی مہنگائی نہیں ہوگی: وزیراعلیٰ پنجاب

5 سے 10 کاشتکار پر مشتمل ڈیجیٹل فارم گروپ کو بیج، کھاد، ڈرپ اریگیشن اور سولرائزیشن پر سبسڈی دی جائے گی، پنجاب بھر میں ایگریکلچر مشینری رینٹل سروسز شروع کرنے کی منظوری

وزیراعلیٰ مریم نواز کی سرکاری اراضی پر گندم کی بوائی یقینی بنانے کا حکم، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، فرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر کیلئے سفارشات کا جائزہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں ٹماٹر اور پیاز سمیت سبزیوں کی کاشت بڑھانے کیلئے کوآپریٹو فارمنگ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ 5 سے 10 کاشتکار پر مشتمل ڈیجیٹل فارم گروپ کو بیج، کھاد، ڈرپ اریگیشن اور سولرائزیشن پر سبسڈی دی جائے گی۔ پنجاب میں 2 ہزار ایکڑ پر بے موسمی پیاز اور ٹماٹر کی کاشت کا پراجیکٹ لانچ کیا جائے گا۔ آب سیزن کاشت سے پنجاب میں 6 ماہ پیاز اور ٹماٹر متاثر (بقیہ نمبر 13)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری میڈیا میں اشتعال انگیزی سچ اللہ خان کے مراد میڈیا سے گفتگو کررہی ہیں

کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری

وفاقی دارلحکومت کی اہم اور مصروف ترین شاہراہوں پر خصوصی دستے تعینات کئے ہیں

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی سے سنگین نوعیت کے حادثات جنم لیتے ہیں، ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کا کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیں جاری۔ وفاقی دارالحکومت کی اہم شاہراہوں اور مقامات پر خصوصی دستے تعینات۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک تعینات کئے گئے ہیں۔ ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک نے اسلام آباد سیوریج ماسٹر پلان کی خصوصی ہدایت پر اسلام آباد پولیس کا ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف کارروائیوں کا آغاز کیا ہے۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک تعینات کئے گئے ہیں۔ انسپکٹر جنرل آف (بقیہ نمبر 2)

پنجاب میں 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے مزید 86 کیس رپورٹ

راولپنڈی میں ڈینگی کے 74 گوجرانوالہ، شیخوپورہ میں 2، 2 کیس سامنے آئے

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے مزید 86 کیس رپورٹ ہوگئے۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر پنجاب کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران راولپنڈی میں ڈینگی کے 74 کیس رپورٹ ہوئے ہیں۔ (بقیہ نمبر 2)

صوبائی وزیر میئر سٹی محکمہ ورڈ وہاڑ کورونا ٹک ویکسی کی جوتی جوت تقریب کے موقع پر وداع کر رہے ہیں

محکمہ حکام سیرت کے ذریعے دنیا میں امن کی شمع روشن کرکہا ہے

مذہبی امور

سیرت کے آئینہ میں ہمیں اپنی صورتیں درست کرنے کی ضرورت ہے، سیرت الٰہی ہی پاک کا زندہ مجموعہ ہے علماء کے سینے محفوظ کر رکھا ہے

سید طاہر بخاری کا تمام مکاتب فکر مین المذاہب آہنگی میں کردار قابل تحسین ہے، اظہار بخاری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام ڈویژل سیرت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سفیر آمین ممتاز ذہبی سکالر علامہ ڈی سید اظہار بخاری نے کہا ہے محکمہ اوقاف نذہبی امور سیرت الٰہی کے ذریعے دنیا میں آمن کی شمع روشن کر رہا ہے رب العالمین نے ایت جوڑ جوڑ کر قران بنایا رحمت العالمین نے انسان جوڑ جوڑ کر مسلمان بنایا ہر سال کی طرح اس سال بھی ذکر سیرت کانفرس اپنے موضوع کے اعتبار سے علماء نے خطاب سے روحانی ماحول پیدا کر دیا۔ محکمہ اوقاف نے تمام مسالک کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر کے فرقہ پرستی کا باب بند کر دیا۔ دنیا بھی بھی چھوٹ جائے سیرت کے دائرے سے باہر نہیں نکل سکتی۔ سینے کی بارٹ ڈیک میں سیرت الٰہی محفوظ کرنے سے (بقیہ نمبر 4)

لاہور: کھڈیاں میں جعلی دمِ صحت دودھ تیار کرنے والا یونٹ پکڑا گیا

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کو جاگھروں میں کے جانے والے کیمرے کی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور میں کھڈیاں کے علاقے میں دودھ کے نام پر روزانہ 5 ہزار لیٹر مضر صحت سفید محلول تیار کرنے والا یونٹ پکڑا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق 5 ہزار لیٹر تیار جعلی مضر صحت دودھ جف کر دیا گیا جبکہ مشینری، جعلی نمبر اور پاؤڈر ضبط کر لیا گیا۔ جعلی دودھ میں گاڑھا پن (بقیہ نمبر 5)

کراچی میں ایم ڈی کیٹ کا پرچہ مبینہ طور پر لیک ہوگیا

ہم نے خدشہ ظاہر کیا تھا پیپر لیک ہوسکتا ہے، خدا کرے جعلی ہو، چیئرمین

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایم ڈی کیٹ کا پرچہ چیئرمین طور پر شروع ہونے سے پہلے لیک ہوگیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پرچہ رات 12 بجے لیک ہوا۔ اس حوالے سے چیئرمین پی ڈی اے ڈاکٹر محمد علی شاہ کا کہنا ہے کہ پرچہ رات 12 بجے لیک ہوا۔ اس حوالے سے چیئرمین پی ڈی اے ڈاکٹر محمد علی شاہ کا کہنا ہے کہ ہم نے خدشہ ظاہر کیا تھا پیپر لیک ہوسکتا ہے، امید ہے کہ پیپر لیک ہونے والا ہو گیا ہو۔ دوسری جانب ڈاؤ انتظامیہ نے وائرل پیپر کو بے بنیاد (بقیہ نمبر 2)

کراچی: شوہر کی فائرنگ سے زخمی ہونیوالی خاتون دم توڑ گئی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے لیاری بغدادی میں رات گئے فائرنگ سے زخمی ہونے والی خاتون دم توڑ گئی۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ خاتون کو اس کے شوہر نے فائرنگ کر کے زخمی کیا تھا۔ پولیس کے مطابق غلام الرسول نے بعد میں خود کو بھی گولی مار کر زخمی کیا، دیگر افراد بھی اس (بقیہ نمبر 7)

اے آئی سسٹم کے ذریعے پولیس اہلکاروں کے بھی ای چالان شروع

لاہور میں ہیلمٹ نہ پہننے والے تمام موٹر سائیکل سواروں کیخلاف آرٹیفشل انٹیلی جنس سسٹم متحرک

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں آئیلی جنس سسٹم کے ذریعے پولیس اہلکاروں کے بھی ای چالان شروع کر دیئے گئے۔ لاہور میں ہیلمٹ نہ پہنے والے تمام موٹر سائیکل سواروں کیخلاف آرٹیفشل انٹیلی جنس سسٹم متحرک ہو گیا، شہر کے داخلی و خارجی راستوں اور مال روڈ پر بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کا داخلہ مکمل بند کر دیا گیا۔ سی ٹی (بقیہ نمبر 23)

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے تین روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد

ماشرتی خدمت میں ایک اور شاندار قدم، اس فری آئی کیمپ کے انعقاد کیئے علاقہ کی سماجی شخصیت رضوان ڈوگر نے تمام انتظامات کیے

ڈاکٹر خالد ڈوگر ۔ ڈاکٹر مریم احسان ڈوگر اور ڈاکٹر لیاقت ڈوگر نے اعزازی خدمات سرانجام دیں

عارف والا (نمائندہ عوامی للکار) ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ، جو اپنی سماجی فلاحی خدمات کے لیے ملک بھر میں جانا جاتا ہے، نے ایک اور شاندار اقدام کرتے ہوئے عارف والا میں تین روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا۔ کیمپ 20 ستمبر سے 22 ستمبر تک عارف والا میں ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے چیئرمین رضوان ڈوگر کے دیرہ پر لگایا گیا۔ کیمپ میں معروف آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر خالد ڈوگر ۔ میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر لیاقت ڈوگر اور ڈاکٹر مریم احسان ڈوگر جو کہ امریکہ سے تشریف لائی تھیں نے اپنی میڈیکل ٹیم کے ہمراہ اعزازی طور پر خدمات سرانجام دیں۔ اس فری آئی کیمپ میں گزشتہ تین روز میں سات سو مریض چیک جبکہ سترافراد کی آنکھوں کے آپریشن کیئے گئے۔ تمام مریضوں کو مفت دوائیں (بقیہ نمبر 8)

عارف والا میں ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام لگائے گئے فری آئی کیمپ کے مناظر

خاندانی منصوبہ بندی اپنانے کی یکساں شرح کیلئے اقدامات

سماجی و ثقافتی رکاوٹوں کے خاتمہ کیلئے خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق پروگراموں میں مردوں کی شمولیت ناگزیر

کمیونٹی ورکرز اور ٹیلی ہیلتھ نیٹ ورک کے ذریعے مردوں اور عورتوں کو خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی فراہمی ممکن

خاندانی منصوبہ بندی کیلئے پہلی مرتبہ مرد معالج، حکیم، ہومیو پیتھس اور فارمیسیز کی شمولیت

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر جنرل پیپلز پارٹی پنجاب مثمن رانے نے کہا ہے کہ عالمی سماج آبادی، ثقافتی رکاوٹوں کا خاتمہ یقینی بنانے کیلئے خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق پروگراموں میں مردوں کی شمولیت ناگزیر ہے۔ اس امر کا اظہار امید افزا اقدامات عمل میں لائے گئے ہیں۔ سماجی و ثقافتی رکاوٹوں کا خاتمہ یقینی بنانے کیلئے خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق پروگراموں میں انہوں نے مختلف وفود سے ملاقات کرتے ہوئے مزید کہا کہ اس سلسلے میں مردوں اور عورتوں تک کمیونٹی ورکرز اور ٹیلی (بقیہ نمبر 9)

ڈائریکٹر جنرل بہبودِ آبادی پنجاب مثمن رانے کا مختلف وفود سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

اصل واردات لیڈر شپ نے خود ڈالی ہے، پی ٹی آئی رہنما اپنی ہی جماعت پر برہم

پی ٹی آئی جیل میں نہ ہوتا تو بدلوں تمہاری وہ کلاس لیتا پیار کرکے، صمدام ترین

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما صمدام ترین اپنی ہی جماعت پر برس پڑے، تحریک انصاف کے رہنما کی کوشدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے صمدام ترین نے کہا کہ جتنے چاہوں طرف موجود تھا اصل واردات لیڈر شپ نے خود ڈالی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ رہنما مانگ اور لائیکس کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے صمدام ترین نے کہا کہ جتنے چاہوں روایات کے تسلسل میں جلسے کی اجازت دی۔

عوام نے خود ہی پی ٹی آئی کا جلسہ ناکام بنادیا' وزیر تعلیم پنجاب

تحریک انتشار نے بڑے بڑے دعوے کیے، مگر ایک بھی پورا نہ ہوا: رانا سکندر حیات

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ تحریک انتشار نے بڑے بڑے دعوے کیے، مگر ایک بھی پورا نہ ہوا۔ ایک بیان میں رانا سکندر حیات نے کہا کہ عوام نے خود ہی پی ٹی آئی کا جلسہ ناکام بنادیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا کا شغف ہے کہ گورنر راج دے رہے ہیں۔ رانا سکندر حیات کا کہنا ہے کہ جمہوری

کوئٹہ میں کانکو وائرس سے ایک اور مریض جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں کانکو وائرس سے متاثر ایک اور مریض جاں بحق ہوگیا جس سے رواں سال بلوچستان میں کانگو سے اموات کی تعداد 8 ہوگئی ،موسمی میں رواں سال رپورٹ کیسز کی تعداد 35 ہو (بقیہ نمبر 11)

ریلوے پولیس نے مسافر ٹرینوں پر پتھراؤ کے واقعات پر چپ سادھ لی

کوٹ لکھپت ریلوے اسٹیشن کے قریب پتھراؤ کے متعدد واقعات ہوچکے ہیں

رائے وڈ (این این آئی) ریلوے پولیس نے سافر ٹرینوں پر پتھراؤ کے واقعات پر چپ سادھ لی۔ تفصیلات کے مطابق رائے وڈ سے لاہور جانے والی ٹرینیں جب کوٹ لکھپت ریلوے اسٹیشن کے قریب پہنچتی ہیں تو وہاں ریلوے لائنوں کے قریب موجود آوارہ اور نچلے لوگ ٹرینوں پر پتھراؤ کرتے ہیں۔ گزشتہ روز کراچی سے لاہور جانے والی (بقیہ نمبر 10)

کمپریسر کے غیر قانونی استعمال پر کنکشن 61 کاٹ دیئے گئے

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 61 گیس کنکشن منقطع، 27 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد

لاہور میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ وبال جان بن گیا

کئی سو میٹر لمبی قطاریں بن گئیں، امیدوار، والدین خوار ہو کر رہ گئے

کراچی (این این آئی) کراچی میں پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کا ٹیسٹ امیدواروں کے لیے وبال جان بن گیا۔ کئی سو میٹر لمبی قطاریں بن گئیں۔ ٹیسٹ میں 10 پیپر ہوگا جو کہ 7 پیپر سے مناسب انتظامات نہ ہونے کے باعث (بقیہ نمبر 8)

سندھ میں معیار تعلیم کی بہتری کیلئے کروڑوں ڈالر قرض مل گیا مگر۔

25 کروڑ سے زائد رقم صرف گاڑیوں، فرنیچر اور مشینری کی خریداری پر خرچ کردی گئی

کراچی (این این آئی) سندھ میں سیکنڈری ایجوکیشن کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے 75 ملین ڈالر کا بیرونی قرض لینے کے باوجود کوئی طریقہ کار نہ بن سکا۔ سندھ سیکنڈری ایجوکیشن امپروسٹ پروجیکٹ پر خرچ کی گئی 25 کروڑ سے زائد رقم صرف (بقیہ نمبر 9)

صوبائی وزیر میئر سٹی محکمہ ورڈ وہاڑ کورونا ٹک ویکسی کے سماجی بھائی مرزا نے کھمبی خاب کشائی کر رہے ہیں

منڈی بہاؤالدین میں گلو پارک کا شاندار افتتاح

نیو میٹروپولیٹن ہاؤسنگ سوسائٹی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ گلی تاریخ میں تیزترین مکمل ہونے والے ہاؤسنگ منصوبے کو دنیا بھر میں پزیرائی حاصل ہے

گلو پارک کی تعمیر منڈی بہاؤالدین اور نواحی علاقوں میں بسنے والے شہریوں کے لئے جدید طرز کی تفریح کا بہترین تحفہ ہے

کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے حکومتی اور سپورٹس کمپلیکس تعمیر یہاں کی عوام کے لئے خوش آئندہ ہوگا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) نیو میٹروپولیٹن ہاؤسنگ سوسائٹی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ گلی تاریخ میں تیزترین مکمل ہونے والے ہاؤسنگ منصوبے کو دنیا بھر میں پزیرائی حاصل ہے جس وجہ سے پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں بی ایس ایم کی گھمبی

عوامی للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی سچی ترجمان
ABC W.N.P.D.
ادارہ تحریک تحفظ آئین پاکستان

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد انتخابات پر حریت کانفرنس کا ردعمل

کل جماعتی حریت کانفرنس نے مودی حکومت کی طرف سے مقبوضہ جموں وکشمیر میں کرائے جانے والے نام نہاد اسمبلی انتخابات کی مذمت کرتے ہوئے انہیں ایک بھونڈا مذاق قرار دیا ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید متہماس نے ایک بیان میں کہا کہ دھونگ انتخابات اقوام متحدہ کی طرف سے تسلیم شدہ استصواب کا ہرگز متبادل نہیں جس ذریعے جموں وکشمیر کے سیاسی مستقبل کا تعین ہونا ہے۔ نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں قید کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما شبیر احمد شاہ نے ایک بیان کہا کہ بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی، کشمیریوں کے تمام بنیادی حقوق سلب کرلیے اور اب نام نہاد انتخابات کا ڈھونگ رچا کر عالمی برادری کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش کر رہا ہے۔

بھارت مقبوضہ کشمیر میں پہلی بار جعلی انتخابات کا ڈھونگ نہیں رچا رہا' اس سے پہلے بھی وہ کئی بار وادی میں انتخابات کا انعقاد کر کے دنیا کو یہ باور کرانے کی کوشش کرتا رہا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کا حصہ ہیں اور بھارت کے ساتھ ہی الحاق چاہتے ہیں مگر کشمیری عوام نے ہر بار اسکے انتخابی ڈرامے کو نہ صرف مسترد کیا بلکہ ان انتخابات کا بائیکاٹ کیا اور بھارت کیخلاف احتجاج کر کے دنیا کو ٹھوس پیغام دیا کہ وہ وادی میں ایسے کسی انتخاب کو نہیں مانتے جو انکی منشاء اور امنگوں کے خلاف ہوگا۔ وہ کسی صورت بھارت کے ساتھ نہیں رہنا چاہتے۔ یہی وجہ ہے کہ کشمیری عوام 15 اگست کو بھارت کے یوم آزادی اور 26 جنوری کو اسکے یوم جمہوریہ کو بطور یوم سیاہ منا کر بھارت سمیت پوری دنیا کو پیغام دیتے ہیں کہ انہوں نے کبھی بھارت کے تسلط کو تسلیم نہیں کیا اور نہ اسکے کسی ہتھکنڈے کے آگے سرنڈر کرینگے۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو کشمیری عوام گزشتہ 76 سال سے غاصب اور ظالم بھارتی فوجوں اور دوسری سیکورٹی فورسز کے جبر وتشدد' ریاستی دہشت گردی اور بھارتی حکمرانوں کے مکر وفریب کا بلاخوف مقابلہ کرتے ہوئے صبر واستقامت کے ساتھ اپنی آزادی کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں اور اس کا کوئی ہتھکنڈہ یا دباؤ قبول نہیں کر رہے۔ جب تک بھارت اقوام متحدہ اور اسکی سلامتی کونسل کی منظور شدہ قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو استصواب کا حق نہیں دیتا' بھارت چاہے وادی میں ہزار بار انتخابات کرالے' ایسے نام نہاد انتخابات اسکے منہ پر کالک ملتے رہیں گے۔

قصہ کالی بھیڑوں، بھونڈ اور کالے لفافے کا

ناصر نقوی

کہتے ہیں تعلیم آدمی کو انسان بنا کر حرکتی کارنامہ دکھاتی ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ، تربیت، ساری کارروائی میں وسیلہ بنتی ہے اس راز کو جانتے ہوئے بھی ہم بھی کبھی کبھی اپنی اصلیت کو چکر میں گھن چکر بن بیٹھے ہیں لہذا تربیت نظر انداز ہو رہی ہے اور نتائج اعلیٰ تعلیم کے باوجود نقصان دہ نکل رہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ قومی اداروں کے احتساب کے لیے بلا امتیاز اصلاحات برسوں سے زیر بحث ہیں صدر ایوب خان اور مولوی تمیز الدین سے یہ نظام ہوں لیکن تقسیم کی زد میں ہے پھر ہر دور میں کچھ نہ کچھ ایسا کیا گیا کہ تمام نظام ہی نشان زدہ ہو گیا۔

دور آمرانہ ہو یا کہ جمہوری، اصلاحات ایجنڈا ضروریات کے مطابق نہیں بلکہ وقت اور حالات کے مطابق زور زبردستی سے ہوتی رہیں لیکن اظہار ہوں جرنیم پر حکومت اور رضا شاہ کی ورنگ الیٹی تھی جس میں مذاکرات اور مشاورت سے متفقہ ترمیم کی کئی قانون ساز اسمبلی صوبائی کو بہ وفاقی، اس کی اصل ذمہ داری بھی یہیں ہے پھر بھی دنیا نے دیکھا کہ افتخار محمد چودھری نے زبردستی 19 ویں ترمیم کر کے نظام عدل پر سے اختیارات کے دروازے کھول دیئے نتیجتاً پارلیمنٹ منہ دیکھتی رہی اور نظریہ ضرورت مضبوط ہو گیا باقی ماندہ چیف جسٹس صاحبان نے مختلف مقدمات کے فیصلوں اور، سوموٹو، کی طاقت سے ایسا ایسا کرشمہ دکھایا کہ پورا وادر اور ساری وزارت اعظم بھی ان کے تھیلے سے نہیں نکلتے، ہر الیکشن سے پہلے اصلاحات کی باتیں ہوں لیکن الیکشن کمیشن کی آزادی اور اختیارات پر کبھی بحث مباحثہ ہوا لیکن ماضی کی طرح الیکشن 2024، بھی شاندار بلکہ شاندار ترین قرار پایا جس میں سوشل میڈیا نے رنگ چوکا کر دیا بلا الکہ یہ الیکشن بھی سیاسی جماعتیں اور اسٹیبلشمنٹ اتفاق رائے سے حاصل نہیں کر سکے، اسے بھی تکنن قاضی فائز عیسیٰ نے بنایا اور مجبوراً سابق صدر عارف علوی اور الیکشن کمیشن سکندر سلطان راجہ کو ہر جو تر کر بیٹھنا پڑا ایک الیکشن کی تاریخ دینی پڑی جسٹس قاضی نے اپنے اختیارات جیسی کم کر کے تین رکنی' جوڈیشل کمیٹی' کے حوالے کر دیئے، لیکن جوں جوں وہ اپنی آئینی ذمہ داریوں میں آگے بڑھتے گئے توں توں سابقین میں ایک' سرد جنگ، شروع ہو گئی روز ملی' کالی بھیڑوں، کا نعرہ لگا جس کے جواب میں وضاحت ایک وضاحت آئی کہ ہم کالی بھیڑیں نہیں بلکہ، کالے بھوت، ہیں۔

یقیناً قوت' آب کی بات ہے، ہم اور آپ، کسی طرح روحیں کر سکتے لیکن جب بات آئین اصلاحات تک پہنچی تو تمام تر دعوؤں کی قلعی کھل گئی۔ حکومت کو سخت ملی تبدیلی کرنا پڑی کیونکہ یہ۔ یہ۔ آئی کے بنیٹر کا عمران مرتضیٰ نے اپنے قائد کو اطلاع دی کہ رات کے اندھیرے میں ملنے والا، کالا لفافہ، عمران خان کی کابینہ میٹنگ لفافے کی طرح گلے کی ہڈی بن سکتا ہے۔ جب تک تمام تر ایم کا جائزہ نہیں لیا جاتے گا ہم حمایت نہیں کریں گے۔ یوں مولانا نے اعلان فرما دیا کہ جلدی کس بات کی ہے؟ ہم تزیمی سیاسی ملی میں بھرپور کردار ادا کریں گے لیکن ذرا حوصلہ رکھیں، پھر اسلام آباد کا سجایا' پارلیمانی میلہ' اجڑ گیا' مولانا کے درد لت کے پھیرے بھی رائیگاں ہو گئے بلکہ سیٹ، قومی اسمبلی کے اطلاعات ملتوی ہو گئے۔ حکومتی سخت کا سارا جادو' کالے لفافے ہیں، قدیمے کا سمران مرتضیٰ نے، دیفنیو، کر دیا۔ اس کارروائی پر اور تو اشرف اور مولانا فضل الرحمٰن دونوں نے اسلام آباد بھی چھوڑ دیا۔ اب فوز شریف لاہور میں بیٹھ کر، تانے بانے، ملانے کی کوشش کر رہے جبکہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن ملتان روانگی میں 10 روزہ چلہ کاٹ کر کالی بھیڑوں، بھونڈ اور کالے لفافے کا اثر ناکارہ بنا نہیں گے۔ لیکن ذرائع کا دعویٰ ہے کہ صدر زرداری کا' مفاہمتی جادو' چل گیا ہے۔

بلاول بھٹو زرداری اور کامران مرتضیٰ نے اس ایک' آئینی ترمیم' کو تین ہر اہل ملا نے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ پہلے مرحلے میں جوڈیشل ترامیم دوسرے میں طبری کوشش، انسانی حقوق، لاپتہ افراد کا مسئلہ اور تیسرے مرحلے میں 63۔ اپر تمام سیاسی جماعتوں سے اتفاق رائے حاصل کیا جائے گا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ جن' آئینی اصلاحات' کا شور شرابہ اور ہنگامہ جاری ہے اس کی یاد داشت پر، بیتاق جمہوریت، کے حوالے سے 2006، میں مولانا فضل الرحمٰن اور عمران خان دستخط کر چکے ہیں۔

"لمحہ موجود" میں' آئینی ترامیم کے حوالے سے ہلہم سنا ہے لیکن پیپلز پارٹی اور ہے۔ یہ۔ ان کے رابطے موجود ہیں اور ایک اطلاع کے مطابق مولانا اپنی عملی سیاسی بصیرت کو تربیت کے حوالے سے اپنے ہی متعدد مولکوں کے ساتھ جو پیپلز پارٹی کی مشاورت کے مطابق' آئینی' ڈرافٹ' تیار کر رہے ہیں۔ یقیناً ایک اسلام آباد کی گہما گہمی اور میڈیا کی یلغار کے باعث ممکن نہیں تھا تاہم مختلف لوگوں نے عدالت سے رجلیف کے لیے بھی رابطے کیے اور پھر ان کی درخواستیں مسترد ہو گئیں۔ حکومتی' آئینی بیتاق درست ہے کہ جہاں تو ہی مفاد میں اس کا فیصلہ' پارلیمنٹ' کے اندر ہونا چاہیے۔ حکومتی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی پالیسی کے مطابق بنی ہے لیکن اپنا تابع نہیں کر سکتے لیکن ایسا ڈنڈے کے زور پر ہرگز نہیں ہو سکتا۔

ماضی میں اشارے اشاروں میں ہی ایسا ہو جاتا تھا اسی لئے تمام تر اسے پہلے پریم کورٹ سے مداخلت کی اخیل جمہوری پارلیمانی دور میں بچایا ہے۔ پارلیمنٹ قانون سازی کی ذمہ دار، اور پذیرش اور ثمبران اس پر بحث، اعتراض اور مخالفت کے ساتھ تجاویز، بھہوری فرض ہے پھر بھی اگر کسی کا دعویٰ ہے کہ وہ دو سو قانون پارلیمنٹ میں پیش ہونے نہیں دے گا تو یہ اس کی غلط فہمی ہے۔

مولانا اپنی سیاسی تربیت کے ساتھ ایک کامیاب سیاسی اننگ کھیل رہے ہیں۔ اسے اعتدال پسند جمہوری ہے اور باقی اپوزیشن سسود کو مسترد کرنا چاہیے تو کر دیں لیکن بات تو' بیک نمبر' سے ہی چلنی ہے کی سپریم کورٹ پارلیمان کی حقیقی بالادستی تسلیم کر چکی ہے قانون سازی اور تراسم' اکثریتی رائے بلکہ اس وقت دو تہائی اکثریت سے ہی ہوں گی۔ اسے کہ سیاسی عمل، مذاکرات، بات چیت جاری ہے اور پارلیمنٹ اس وقت مکمل طور پر جاگ چکی ہے۔ نظام عدل پارلیمان کے تابع ہے کوئی طالع آزما کارنامہ بننے کا تو یہ 24 کروڑ پاکستانیوں کی حق تلفی ثابت ہوگی۔ اس انداز سے اعتبار باعث نقصان ہوگا۔ جمہوری اور پارلیمانی نظام کا حسن یہی ہے کہ تمام تر بحث وتکرار پارلیمنٹ میں رہتے ہوئے کئی جائے اعتراضات پر تجاویز دے کر ترامیم یا قانون کو مربوط بنایا جائے۔ اگر اس تحقیق روایت کو مضبوط کرنے کی کوشش کی گئی تو بکریاں بھیڑیں، بھونڈ خود کو اپنے انجام کو پہنچ جائیں گے بلکہ کسی حکومت کا' کالے لفافے، بھی کالی رات کو بچانے نہیں پڑیں گے۔ لیکن حقیقت یہی ہے کہ ہماری تربیت میں کمی رہ گئی اور تمام سے پارلیمان ممبران اس کا ثبوت ہیں کہ جو پارلیمانی روایت کے حامل نہیں کہے جا سکتے۔ اس لیے ہم جذباتی زیادہ ہیں حالانکہ سیاست رواداری، برداشت تحمل ہے لیکن ہم اشارے پر چاقچوبند کمر کسنے کے عادی بن چکے ہیں اس لیے' ڈیوٹی فل' سیاست دان لیفل ووڈایہ بتیے پر مجبور دکھائی دیے کہ حکومت ناکام اور بزدل ہے۔

اسی طرح ریفنگ کے پجاری ڈیوٹی فل محافلوں نے بھی، چاے کی پیالی، سے زیادہ طوفان برپا کر دیا حقیقت یہی ہے کہ آئینی ترامیم اسی پارلیمنٹ میں نہ صرف آئین کی بلکہ منظور بھی ہوں گی ہر حلہ وار۔ یہی تحی حکومتی سخت عمل ہے۔ اب اس کے لیے تمام پارلیمنٹیرین کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ پارلیمنٹ کے اندر بحث وماحثہ تنقید وتعریف سب کچھ کریں، گو کہ ہر سخن نہ در زبان ہیں انہیں آئین اور قانون کی حدود میں رہنے ہوئے بولنا ہوگا۔ حب ہی کوئی شبت راستہ نکلے گا ورنہ کشت بلکہ جمہوریت کے لیے کسی نہ کسی قاتل ہوگا۔

پاک فوج کی عظمت کو سلام

سید رود الامین

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک راستے سے گزر ہوا تو دیکھا کہ چند گوشت مل کر ایک شخص کو مار رہے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پوچھا کہ اس کو کیوں مار رہے ہو؟ تو انھوں نے کہا کہ اس نے فلاں جرم کیا ہوا ہے تو حضرت عیسیٰ نے فرمایا: "ضرور ذکر جاؤ، اس کو اب صرف وہ شخص مارے گا جس نے خود یہ جرم نہ کیا ہو" تو سب کے سر جھک گئے۔ ہمارے سیاستدان پہلے تو پاک فوج کے گن گھوں پر سوار ہو کر حکومت میں آتے ہیں کیونکہ 77 سال تاریخ میں کسی ایک سیاسی پارٹی کی کارکردگی قابل رشک تو ہے ہی نہیں کیا یا کرایا ہے ایک صاف تحقیقات ہونی چاہیے اور مجرموں کو سرعام سزائیں دی جائیں۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں۔ آج کل دیگر سیاسی پارٹیاں صرف 9 مئی کا ورد کر کے خود کو بری الذمہ قرار دے دیں اپنی کارکردگی دکھائیں۔ عوام کے مسائل حل کریں۔ ایک سال گزر جانے کے بعد بھی 9 مئی کے مجرموں کو سزائیں دینے یا بے گناہ ہی ثابت ہے۔ انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے 9 مئی کے شر پسندوں کو سزائیں دیں، سزائیں تو آج تک ساہ وال ڈاؤن کے کرداروں کو بھی نہیں ملی جنھوں نے نہتے معصوم شہریوں کو مار دیا تھا۔ ملک کے حالات بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔ پہلے چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی عدالت کو متنازع بنایا گیا، پھر چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے متعلق تھے۔ وہ آئے تو سب کچھ حکومت کی مرضی کے مطابق ہو گیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ایک بات شروع میں کی، ہمیں وہ بہت ہی اچھی لگی۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں جھوٹ نہیں بولنا چاہیے۔ ہم سب کو ان کی اس بات پر عمل کرنا چاہیے۔ اچھے کام کی ابتدا اپنی ذات سے کرنی چاہیے۔ اب حکومت کی پوری کوشش ہے کہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ ایکسٹینشن قبول کریں کیوں کہ وہ انھوں "اپنے" لگتے ہیں۔ ہنا ہے کہ انھوں نے انکار کر دیا ہے۔ بہت اچھی بات ہے۔ ہر ایک کو اس کا حق ملنا چاہیے۔ چیف جسٹس کو ایکسٹینشن کی آفر بالکل قبول نہیں کرنی چاہیے۔

77 سال بعد بھی ہم کس دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں۔ پاک افواج کا ادارہ جو ہمارے ملک کی سلامتی اور ملک کا دشمن اور ملک کی سرحدوں کا محافظ ہے اس کو بھی متنازع بنا دیا گیا۔ مائیں جب بچوں کو پاک فوج میں بھیجتی ہیں تو اس سوچ کے ساتھ کہ میثاب غازی یا شہید بن کر واپس آ جائے گا۔ اللہ اس کی حفاظت کرے۔ آمین!

سیلاب، ڈرلے میں جانی کا ہوتا سوت سے

آئے پاک فوج ہی نظر آتی ہے، بلکہ یہاں کے جب الیکشن کا انعقاد ہوا یا چند گوں کی سڑک پر جج ہوا یہیں تو آپ سیاست دانوں کی اہلیت تو ان سے بات چیت کرنے کی بھی نہیں ہوتی۔ اب مذکورہ بالا یہ سارے کام آئین میں تو پاک فوج کو تفویض نہیں کیے گئے، لہٰذا پاک افواج کے خلاف ذہن کھولنے سے پہلے ہر پارٹی کے سیاستدان صاحبان کو پہلے اپنے گریبانوں میں جھانکنا چاہیے۔ یہ تو آج 9 مئی کے حوالے سے تمام پارٹیاں صرف ایک پارٹی کو طعنے دے رہی ہیں۔ بلاشبہ 9 مئی ایک حقیقت ہے، جس نے بھی کیا یا کرایا ہے ایک صاف تحقیقات ہونی چاہیے اور مجرموں کو سرعام سزائیں دی جائیں۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں۔ آج کل دیگر سیاسی پارٹیاں صرف 9 مئی کا ورد کر کے خود کو بری الذمہ قرار دے دیں اپنی کارکردگی دکھائیں۔ عوام کے مسائل حل کریں۔ ایک سال گزر جانے کے بعد بھی 9 مئی کے مجرموں کو سزائیں دینے یا بے گناہ ہی ثابت ہے۔ انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے 9 مئی کے شر پسندوں کو سزائیں دیں، سزائیں تو آج تک ساہ وال ڈاؤن کے کرداروں کو بھی نہیں ملی جنھوں نے نہتے معصوم شہریوں کو مار دیا تھا۔ ملک کے حالات بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔ پہلے چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی عدالت کو متنازع بنایا گیا، پھر چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے متعلق تھے۔ وہ آئے تو سب کچھ حکومت کی مرضی کے مطابق ہو گیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ایک بات شروع میں کی، ہمیں وہ بہت ہی اچھی لگی۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں جھوٹ نہیں بولنا چاہیے۔ ہم سب کو ان کی اس بات پر عمل کرنا چاہیے۔ اچھے کام کی ابتدا اپنی ذات سے کرنی چاہیے۔ اب حکومت کی پوری کوشش ہے کہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ ایکسٹینشن قبول کریں کیوں کہ وہ انھوں "اپنے" لگتے ہیں۔ سنا ہے کہ انھوں نے انکار کر دیا ہے۔ بہت اچھی بات ہے۔ ہر ایک کو اس کا حق ملنا چاہیے۔ چیف جسٹس کو ایکسٹینشن کی آفر بالکل قبول نہیں کرنی چاہیے۔

77 سال بعد بھی ہم کس دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں۔ پاک افواج کا ادارہ جو ہمارے ملک کی سلامتی اور ملک کا دشمن اور ملک کی سرحدوں کا محافظ ہے اس کو بھی متنازع بنا دیا گیا۔ مائیں جب بچوں کو پاک فوج میں بھیجتی ہیں تو اس سوچ کے ساتھ کہ میثاب غازی یا شہید بن کر واپس آ جائے گا۔ اللہ اس کی حفاظت کرے۔ آمین!

حال ہے۔ جسٹس عمر عطا سے لے کر آج 2024، تک آپ اُس کی ساکھ کو بھی مجروح کرنے پر تلے ہیں۔ کچھ تو خدا کا خوف کریں۔ یہ ملک کلمہ طیبہ کی بنیاد پر بنا تھا۔ کلمہ گو لاکھوں جانیں قربان ہوئیں، لاکھوں افراد در بدر ہوئے۔ آپ آپ اپنے' ذاتی مفادات' کی خاطر اس وطن کی توہین تو نہ کرتے جائیں کہیں رُک جائیں۔ اس کے مقاصد کی طرف رجعان دیں۔ بخدا آپ کے لئے اسے اس میں فرق نہیں پڑے گا مگر آپ کو تاریخ معاف نہیں کرے گی۔

77 سال بعد بھی عوام کو آٹے کے تھیلے کے حصول کے لیے قطاروں میں کھڑا ہونا پڑتا ہے۔ حالانکہ یہ زرعی ملک ہے۔ چینی کی ملیں آپ کی سیاست داؤں کی ہیں۔ چینی کی ملیں آپ ذاتی کمپنیاں معمول کرتی ہیں۔ مجبوریت میں تو عوام کے نمائندے عوام کی خدمت کرتے ہیں۔ آج آپ سارے اربوں کھربوں پتی ہیں اور عوام مجلی کا بل دینے سے بھی مجبور ہیں۔ اپنے ان سارے' کرتوتوں' پر باوجود اغرام آپ پاک فوج پر لگاتے ہیں۔ بخدا اگر پاک فوج ضامن نہ ہوتی تو جس طرح آج نو ے ملک کے ادارے آپ نے دوسرے ملکوں کے آگے' گروی' رکھے ہیں آپ پورے ملک کا بھی سودا کر کے لے گریز نہ کرتے۔ جہاں آپ نے ملک کو ڈبو دیا ہے۔ ناقابل یقین حد تک کرپشن کو فروغ دیا ہے۔ کیا اس سے ملک میں کرپشن کو روکا نہیں لے گا۔ یہ قانون عوام کے بنیادی حقوق کے منافی نہیں ہے؟ پہلے یہ تعین کریں کہ پارلیمنٹ میں تشریف فرما ارکان فارم 45 تھے آئے یا فارم 47 کے تحت! پارلیمنٹ تو جی' مقدس' ادارہ کہلاتے گا جب ہم ارکان فارم 45 کے تحت تشریف لائیں گے اور وہ پارلیمنٹ' مقدس' کہلائے گی اور کل سلامتی اور بقا اور حرام کے مفاد میں قانون سازی کرے گی۔

آخر میں عرض گزار چلوں کہ چند روز قبل لاہور میں رہائش پذیر 96 سالہ خورشید احمد صاحب ہائی ورک سے فون پر میری بات ہوئی۔ وہ بطور آواز میں وہ ملک کی حالت زار پر اظہار تشویش کر رہے تھے اور دعا مانگ رہے تھے کہ اللہ خدا فی ہمارے وطن کو نظر بد سے محفوظ رکھے۔ ظاہر ہے انھوں نے پاکستان کو اپنی آنکھوں کے سامنے بنتا دیکھا تھا۔ اللہ انھیں سلامت رکھے۔ آمین!

SHOWBIZ شوبز

شلپا راؤ کی کرینہ کپور کو منفرد انداز میں سالگرہ کی مبارکباد

سیف علی خان اور کریبہ کپور 2012 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے ان کے دو بیٹے ہیں

سمتی (این این آئی) بھارتی گلوکار شلپا راؤ نے مشہور اداکارہ کریبہ کپور کو 4 اپریل سالگرہ کی مبارکباد دی جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر گلوکار شلپا راؤ نے ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں گانا نہ ہو کر بھی قریب تو ہمیشہ پاس تھا گنگناتے دیکھا جاسکتا ہے جبکہ انورالگ نائیڈو اس دوران بیانو بجا رہے ہیں۔ شلپا راؤ نے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھتی ہیں کہ ایڈیٹر کو مبارکباد دی اور لکھا کہ آپ کا سال خوبصورت گزرے، انہوں نے انورالگ نائیڈو کا بھی بہترین میوزک ترتیب دینے پر شکریہ ادا کیا۔

کترینہ کیف اور شعیب اختر کی دوستی؟ دہاب ریاض کا بڑا انکشاف

سابق فاسٹ بولر کو بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان اور سلمان خان کا قریبی دوست کہا جاتا ہے

کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر و چیف سلیکٹر دہاب ریاض نے بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف اور شعیب اختر کی دوستی سے متعلق بڑا انکشاف کیا ہے۔ حال ہی میں دہاب ریاض نے ٹی وی شو سے بھرا ڈریک رہم کی پچھلے مختلف باتیں بھی مداحوں کے ساتھ شیئر کیں۔ دہاب ریاض کے ماضی کا قصہ سنتے ہوئے کہا کہ ایک بار ہم نیوز لینڈ کے دورے پر تھے، تو ہم سب کھلاڑی فاسٹ بولر شعیب اختر کے کمرے میں کھانا کھا رہے تھے، اسی دوران ٹی وی پر بالی ووڈ اسٹار کترینہ کیف کا شعر ہوتا تھا تو کہا جاتا' بل، رہا قلہ، سابق کرکٹر نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ شعیب اختر نے ٹی وی اسکرین پر دیکھ کر کہا کہ وہ کترینہ کیف کو جانتے ہیں بلکہ ان باتیں بھی مداحوں کے ساتھ شیئر کیں۔ دہاب ریاض کے ماضی کا قصہ سنتے ہوئے کہا کہ ایک بار ہم نیوز لینڈ کے دورے پر تھے، تو ہم سب کھلاڑی فاسٹ بولر شعیب اختر کے کمرے میں



امتیاز بھٹہ نے اپنی غلطی پر مداحوں سے معافی مانگ لی

امتیاز بھٹہ نے انسٹاگرام پر نئی ویڈیو شیئر کی اور اس بار انہوں نے اپنی غلطی سدھار لی



سمتی (این این آئی) بالی ووڈ کے شہنشاہ کہلائے جانے والے سپر اسٹار امتیاز بھٹہ پچھلے بڑے اداکار ہیں انہوں نے اتنے ہی بڑے انسان ہونے کا ایک بار پھر ثبوت دیا ہے۔ غلطی پر انسان سے ہوتی ہے لیکن بڑا انسان وہ ہے جو اپنی غلطی کو مان لے اور ضرورت پڑنے ڈرامے پر معافی بھی مانگے۔ ایسے ہی بڑے پن کا مظاہرہ امتیاز بھٹہ نے بھی کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق امتیاز بھٹہ بچن نے چند روز قبل ایک ویڈیو میں مراٹھی لفظ کے غلط تلفظ پر معافی مانگ لی۔

ادا کار جان ابراہم کے ہم شکل نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی

جان ابراہم کا' عربی ہم شکل' سامنے آنے کے بعد ویڈیوز وتصاویر وائرل

سمتی (این این آئی) بالی ووڈ کے مشہور اداکار جان ابراہم کے ہم شکل نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی۔ الیاس کرسٹوفر نیس نامی یہ شخص بالی ووڈ اداکار انسٹاگرام پر اپنی تصاویر اور ویڈیوز پوسٹ کر کے مداحوں کی توجہ حاصل کر رہے ہیں۔ خاص بات یہ ہے کہ ان کی شکل اور انداز جان ابراہم سے بھرحد ملتے جلتے ہیں، جس کی وجہ سے انہیں 'عربی جان ابراہم' کا لقب دیا جا رہا ہے۔ الیاس نے حال ہی میں جان ابراہم کی 2015 کی فلم دیکھ بیک کے ایک گانے پر لپ سنک کیا اور اپنے بھارتی مداحوں کا شکریہ ادا کیا تھا۔

"حسن تیرا تو بہ تو بہ" کے گلوکار کو مدنہ پر جوتا پڑنے کی ویڈیو وائرل

لندن (این این آئی) مشہور گانے "حسن تیرا تو بہ تو بہ" کے گلوکار گرن اوجلا کو لندن میں لائیو کنسرٹ کے دوران کسی نے منہ پر جوتا دے مارا۔ حال ہی میں ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لائیو کنسرٹ کے دوران گلوکار گرن اوجلا اپنی پرفارمنس پر موجود تھے کہ ان کی طرف جوتا اچھالا گیا جو سیدھا ان کے منہ پر لگا۔ گرن اوجلا نے فوری طور پر ہنستے ہوئے کنسرٹ روک دیا اور مائک پر کہا کہ یہ کس

عمران ہاشمی کی پاکستان آمد پر حمائمہ ملک نے اپنا پلان بتادیا

میں عمران ہاشمی سے بات کروں گی کہ وہ میرے ساتھ پوڈکاسٹ کریں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی اداکارہ حمائمہ ملک نے معروف بالی ووڈ اسٹار عمران ہاشمی کی پاکستان آمد پر اپنے منصوبے سے پردہ اٹھایا۔ اگر چہ حمائمہ ملک نے شوبز انڈسٹری میں کیلئے بہت زیادہ کام نہیں کیا لیکن ان کو فلم ورلڈ آف ملاوجٹ' کی ریلیز کے بعد کافی شہرت ملی۔ انہوں نے عمران ہاشمی کے ساتھ فلم' راجا نورلال' (2014) میں مرکزی کردار ادا کیا تھا۔ حال ہی میں حمائمہ ملک نے اپنے بھائی و اداکار فیروز خان کے ساتھ بھارتی صحافی کے انٹرویو دیا جس میں انہوں نے کیریئر اور دیگر چیزوں پر گفتگو کی۔

ہندو انتہا پسند پارٹی نے فواد خان کے بھارتی فینز کو غدار قرار دیدیا

فلم دی لیجنڈ آف مولا جٹ 2 اکتوبر سے بھارتی سینما گھروں میں ریلیز کی جائے گی

سمتی (این این آئی) ہندو انتہا پسندوں نے پاکستان کی کامیاب ترین فلم دی لیجنڈ آف مولا جٹ کی بھارت میں ریلیز رکوانے کی دھمکی دے دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہندو انتہا پسند جماعت تو نریان سینا نے دھمکی دی ہے کہ بھارت میں پاکستانی فلموں کو ریلیز نہیں ہونے دیا جائے گا اور پاکستانی اداکاروں کو بھارتی فلموں میں کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ نوزیان سینا کے رہنما امیاً کوبکر نے دھمکی آمیز بیان میں کہا کہ اداکار فواد خان کو پبند کرنے والے بھارتی غدار ہیں۔ بھارتی فلم کمیٹی کا پاکستانی فلم بھارت میں ریلیز کرنے کا اعلان اشتعال انگیز ہے۔ ہمارے رہنما راج ٹھاکرے کا کلم ہے کہ پاکستانی فلم دی لیجنڈ آف مولا جٹ کو بھارت میں ریلیز نہیں ہونے دیا جائے اور ہم اس کے فلم پر عمل کریں گے۔

SPORTS سپورٹس

چیمپئن ون ڈے کپ' ہائی اسکورنگ مقابلے میں مظفر زی اسٹالینز 20 رنز سے شکست

لوٹ گئے تھے تاہم ظاہر طاہر اور حسین طلعت نے 157 رنز کی شراکت بنا کر جیتی کو دلیپ بنا دیا۔ طیب طاہر 109 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ حسین طلعت نے 63 رنز کی اننگز کھیلی۔

اسلام آباد (این این آئی) چیمپئن ون ڈے کپ میں مظفر زی اور اسٹالینز کے درمیان کانٹے کا ہائی اسکورنگ مقابلہ ہوا جسے مظفر زی نے 20 رنز سے اپنے نام کر لیا۔ فیصل آباد کے اقبال اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے اس میچ میں مظفر زی نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں پر 344 رنز بنائے۔ سام ایوب نے 156 کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ عثمان خان نے 75 جبکہ اذان اویس نے 51 کی اننگز کھیلی۔ 345 رنز کے ہدف کے تعاقب میں اسٹالینز کی ٹیم کھلاڑی ذوالہ میں ہی پویلین

کوشش ہے وائٹ بال کرکٹ میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائوں' محمد ہریرہ

دبئی کی کوشش ہوگی آخری میچ تمام پوئنٹس پر جیتنے کرا پنی پوزیشن کو مستحکم کریں' انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے اوپنر محمد ہریرہ نے کہا ہے کہ ٹیم کی کوشش ہوگی کہ آخری میچ تمام پوئنٹس پر جیتنے کی کوشش کریں تاکہ پوزیشن کو مستحکم کر سکیں۔ محمد ہریرہ نے کہا کہ ہمارے سامنے ایک بڑا ہدف ہے اور اس مقصد کیلئے وہ مسلسل محنت کر رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں محمد ہریرہ نے بتایا کہ وہ ریڈ بال کرکٹ میں زیادہ کھیل چکے ہیں اور اسکا انہیں تجربہ ہے لیکن وائٹ بال میں ابھی زیادہ موقع نہیں ملا، کوشش ہے کہ وہ وائٹ بال کرکٹ میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں۔ محمد ہریرہ نے کہا کہ وہ بھی انتہائی محنت کر رہے ہیں اور تغیر وتبدیلی شائس کے ساتھ ساتھ ٹیم کے لیے آف سپنر بھی اچھی محنت کر رہے ہیں اور تغیر وتبدیلی شائس کے ساتھ ساتھ ٹیم کے لیے آف سپنر بھی کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اسپورٹ کے ہیں آنے والے میچز میں ان کی محنت کا پھل ملے گا اور وہ اپنی بیٹنگ میں ان

لقیہ 1

بنانے کی ضرورت کے باوجود، بجٹ 2028ء میں کریں گے، ابھی عوام سے کسی قسم کے دھوکہ پر اُترنے کے لیے عوت کے کارکن تیار نہیں ہیں۔ مجھے شرارت ہے کہ ایک سوشلی علاقی سیاسی اختیام سے جڑی ہے، سیاسی اختیام کا مطلب ہے کہ ریلیف دینے کے عمل کو متاثر کرنا ہے، عوام سے سیاسی اختیام کی منظیمیں ہی کردار ادا کرتے سماجی ترقی حاصلت کی ہے، ہمارے سیاسی اختیام کی ترقی کو ہم اختیار کرنے کے روش کو سماجی منظیمیں کی ضرورت ہے، ہمارے ہاں

سی ایم پنجاب کے احکامات کی دھجیاں اڑائی جانے لگیں

انتظامیہ ریٹ لسٹ پر عملدرآمد کروانے میں بری طرح ناکام گراں فروشوں کی موجیں لگ گئیں چیک ایڈ بیلنس رکھنے والے ستو پی کر سو گئے

گوشت چکن پھل سبزیاں دالیں دیہاڑی دار طبقے کی پہنچ سے دور عوامی حلقوں نے CM مریم نواز سے سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا

گوجرخان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کے اس سے چند مرکز کے فاصلے پر واقع ٹاؤن ہال میں ستوں پی کر سوئے کاغذ ارگلوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے میں مصروف تھیں انتظامیہ کی جس میں سرکاری نرخ نامہ مذاق بن کر رہ گیا گوشت پھل سبزیاں دالیں چکن دیہاڑی دار متوسط طبقے کی دسترس سے باہر غریب عوام فاقہ کشی پر مجبور ہو گئے (بقیہ نمبر 2 ص 5)

راولپنڈی، مریم حسن ایک نرسری میں نوجوان پھلوں کے گلدان فروخت کر رہا ہے

نامور مذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک آئندہ ماہ پاکستان کا دورہ کرینگے

5-اکتوبر کراچی، 13-12 اکتوبر لاہور، 19 اور 20 اکتوبر کو اسلام آباد میں خطاب کریں گے

لاہور (این ایس آئی) معروف مذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے آئندہ ماہ دورہ پاکستان کا اعلان کر دیا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر ڈاکٹر ذاکر نائیک کے آفیشل اکاؤنٹ سے کی گئی ایک پوسٹ میں بتایا گیا کہ حکومت پاکستان کی دعوت پر ڈاکٹر ذاکر نائیک 5 اکتوبر کو اسلام آباد میں خطاب کریں گے۔ پوسٹ میں ڈاکٹر ذاکر نائیک کے دورہ پاکستان (بقیہ نمبر 2 ص 6)

راولپنڈی، گوالمنڈی روڈ کنارے محنت کش بارہ پائی تیار کر رہا ہے

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی کرتار پور آمد

سکھ مذہب کے بانی بابا گورو نانک دیو جی کی جوتی جوت تقریبات میں شرکت

لاہور (این ایس آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور پردھان پاکستان سکھ گوردوارہ پربندک کمیٹی سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے خصوصی طور پر کرتار پور کا دورہ کیا اور سکھ مذہب کے بانی بابا گورو نانک دیو جی کی دو روزہ جوتی جوت تقریبات میں شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ سید عطاء الرحمٰن، پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے انچارج (بقیہ نمبر 2 ص 8)

آتشیں اسلحہ سے مسلح افراد کی فائرنگ، سابق یوسی ناظم کو قتل کر دیا

پولیس نے مقتول کی نعش برآمد کر کے پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دی

سرگودھا (این ایس آئی) آتشیں اسلحہ سے مسلح افراد نے فائرنگ کر کے سابق یوسی ناظم کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ پولیس نے مقتول کی نعش برآمد کر کے پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دی

راولپنڈی، پی ایچ اے کے اہلکار چاندنی چوک کلاٹی اور پریڈی کیاریوں کو پانی دے رہے ہیں

پارلیمانی گروپس کی عددی قوت 11 جولائی کے سٹیٹس پر بحال ہو جائیگی

جب حکمران اتحاد کے ارکان کی تعداد دو تہائی کی اکثریت سے زیادہ تھی اور ایک عدالتی فیصلے نے اس تخفیف کر دی تھی اس پیش آمدہ نئی صورتحال میں پارلیمنٹ کو سیاسی قوت کے فیصلہ کن مرکز کی حیثیت دوبارہ حاصل ہو جائے گی، ذرائع

اسلام آباد (پی این آئی) قومی اسمبلی میں پارلیمانی گروپس کی عددی قوت 11 جولائی سے کتاب پر بحال ہو جائے گی جب حکمران اتحاد کے ارکان کی تعداد دو تہائی اکثریت سے زیادہ تھی اور ایک عدالتی فیصلے نے اس تخفیف کر دی تھی۔ سیٹوں کی عددی قوت میں چار نشستوں کی کمی واقع (بقیہ نمبر 1 ص 3)

وزیر اعلیٰ کا ڈوبتے پھرنے سے موٹر سائیکل سوار کے زخمی ہونے کا واقعہ کا نوٹس

سخت احکامات کے باوجود ڈوبتے پھرنے کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے مریم نواز شریف

لاہور (این ایس آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کاہنہ میں ڈوبتے پھرنے سے موٹر سائیکل سوار کے زخمی ہونے کا واقعہ کا نوٹس لے لیا اور اسسٹنٹ کمشنر پولیس سے واقعہ کی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے زخمی ہونے والے شہری کی آپریشن میں مدد کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ سخت احکامات کے باوجود ڈوبتے پھرنے کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔

پی ٹی آئی کے 487 رہنماؤں، کارکنوں کی نظر بندی کے احکامات واپس

جلسے کے دوران 100 سے زائد گرفتار کارکنوں کی رہائی کا حکم بھی دیدیا گیا

لاہور (این ایس آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور نے پاکستان تحریک انصاف کے 487 متحرک رہنماؤں اور کارکنوں کے نظر بندی کے احکامات واپس لے لیے جبکہ جلسے کے دوران 100 سے زائد گرفتار کارکنوں کی رہائی کا حکم بھی دیدیا۔ کارکنوں کی نظر بندی کے احکامات لاہور پولیس کی درخواست پر جاری کیے گئے تھے، ڈی سی لاہور کی ہدایات پر نظر بندی کینسل کر دی گئی۔ پی ٹی آئی کے کابینہ میں ہونے والے جلسے کے دوران پولیس (بقیہ نمبر 3 ص 3)

ڈی آئی جی آپریشنز کا پتنگ بازوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا حکم

پتنگ بازی ہونے کی صورت میں ذمہ داران کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا

لاہور (این ایس آئی) ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران نے کہا کہ انسداد پتنگ بازی کیلئے تمام افسران فیلڈ میں متحرک رہیں۔ محمد فیصل کامران نے افسران وجوانوں کو پتنگ بازی کے خاتمے کیلئے تمام افسران فیلڈ میں متحرک رہیں۔ محمد فیصل کامران نے افسران وجوانوں کو پتنگ بازی کے تدارک کیلئے ہر ممکن اقدامات کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او کو پتنگ بازی کے تدارک کیلئے اور ایس ایچ او کو پتنگ بازی کے تدارک کیلئے خصوصی ٹاسک دیئے (بقیہ نمبر 3 ص 5)

فوری ضرورت

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

پولیس چوکی قاضیاں نے ملزم کو منشیات سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ایس پی صدر نے اس کارروائی پر شاباش دی

ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی گھناؤنا کاروبار کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں SHO

گوجرخان (قمر شہزاد) پولیس چوکی قاضیاں کی اہم کارروائی منشیات فروش گرفتار، مقدمہ درج ملزم پابند سلاسل ایس پی صدر نے پولیس تھانہ گوجرخان کو ہدایت کی کہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیں جاری رکھنے کی ہدایات دیں، تفصیلات کے مطابق گوجرخان (این ایس آئی) پولیس چوکی قاضیاں کی اہم کارروائی منشیات فروش گرفتار، مقدمہ درج ملزم پابند سلاسل ایس پی صدر نے پولیس تھانہ گوجرخان کو ہدایت کی کہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیں جاری رکھنے کی ہدایات دیں، تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گوجرخان انچارج چوکی قاضیاں ایس آئی زاہد نے کارروائی کرتے ہوئے شاہ فرش پرویز عرف (بقیہ نمبر 3 ص 4)

لاہور، شہری تفریح کے روز چڑیا گھر کی سیر کے لئے آئے ہوئے ہیں

واہ کینٹ پولیس نے دو روز قبل اپنے حقیقی بھائی کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا

راولپنڈی (این ایس آئی) واہ کینٹ پولیس نے دو روز قبل اپنے حقیقی بھائی کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو روز قبل اپنے حقیقی بھائی کو قتل کرنے والے ملزم نادر خان کو گرفتار کر لیا، ملزم نادر خان نے دراتی کے وار سے اپنے بھائی جاوید کو قتل کیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا، ملزم واردات کے بعد فرار ہو گیا تھا تین بیٹوں اطیلی، نیلیش سمیت تمام (بقیہ نمبر 4 ص 4)

کوہٹ پولیس نے مبینہ کرائم واردات میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار کر لیا

راولپنڈی (این ایس آئی) کوہٹ پولیس نے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، رقم 80 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کوہٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 03 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں مبین، فواد اور قاسم شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ موٹر سائیکل، رقم 80 ہزار روپے (بقیہ نمبر 46 ص 6)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں

05 ملزمان، ساڑھے 03 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج

پولیس نے ملزم مبین سے 505 گرام چرس، گوجر خان پولیس نے ملزم راشد سے 580 گرام چرس، چاکی پولیس نے ملزم عرفان ظہیر سے 605 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کو خاتمے کے لیے منشیات (بقیہ نمبر 4 ص 5)

ٹیکس قوانین پر بھرپور طریقے سے عملدرآمد کا فیصلہ

وزیر اعظم نے ٹیکس اقدامات پر موثر عملدرآمد کے لئے تیار کیے گئے ایف بی آر کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے

کہ ٹیکس قواعد وضوابط پر موثر عملدرآمد کے بغیر 12.97 ہزار ارب روپے کے ٹیکس ہدف کا حصول ممکن نہیں ہے

ایک ہنرمند کاریگر ڈرینگ اسٹمی نوٹ میں لکڑی پر قالین تیار کر رہا ہے

اسلام آباد (انٹرنیٹ ڈیسک) حکومت نے پہلے مالی سال کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کیلئے ٹیکس قوانین پر بھرپور طریقے سے عملدرآمد کا فیصلہ کرلیا، اس طرح حکومت مزید 450 ارب روپے جمع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ سخت ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے ٹیکس اقدامات پر موثر عملدرآمد کیلئے تیار کیے گئے ایف بی آر کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے، ایف بی آر کی جانب سے وزیر اعظم کو بتایا گیا تھا کہ ٹیکس قواعد وضوابط پر موثر عملدرآمد کے بغیر 12.97 ہزار ارب روپے کے ٹیکس ہدف کا حصول ممکن نہیں ہے، جس پر وزیر اعظم (بقیہ نمبر 7 ص 4)

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، آٹھ ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این ایس آئی) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران آٹھ ملزمان گرفتار کر لیے گئے جن کے قبضے سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق چوہڑ والی پولیس نے ملزم واثق فواز سے 01 ٹوکل 30 بور معہ ایمونیشن، آرمے بازار پولیس نے ملزم حبیب سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم سجاول سے (بقیہ نمبر 9 ص 4)

تاش پر جوا کھیلنے والے چار

قمار باز گرفتار، دو اپرگی رقم برآمد

راولپنڈی (این ایس آئی) کمیال پولیس کی کارروائی، تاش پر جوا کھیلنے والے 04 قمار باز گرفتار، دو اپرگی رقم 11 ہزار روپے، 03 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق کمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جوا کھیلنے والے 04 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں عثمان، حماد، غلام جیلانی اور نواز کٹ شامل ہیں، ملزمان سے دو اپرگی رقم 11 ہزار روپے، 03 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، ایس ایچ (بقیہ نمبر 1 ص 5)

علی وزیر کی نظر بندی میں مزید 15 روز کی توسیع

جسٹس چوہدری عبدالعزیز 24 ستمبر کو نظر بندی کے احکامات کے خلاف درخواست پر سماعت کریں گے

کشمیر راولپنڈی نے علی وزیر کے خلاف تھری ایم پی او کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ سابق ایم این اے علی وزیر اڈیالہ جیل (بقیہ نمبر 8 ص 4)

حکومت ٹیکس دینے والوں کو سہولیات دے، جرمانے عائد نہ کرے

ایف بی آر کا انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع نہ کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این ایس آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے 30 ستمبر تک ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے خلاف کارروائی کے نوٹس پر صدر پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے تحفظ کے ہے۔ صدر پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے ایف بی آر کے نوٹس میں کہا گیا کہ گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کی سمز، بجلی و گیس کے کنکشن بند کر دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جائز دوست انکیم پر عمل درآمد نہیں کروا (بقیہ نمبر 5 ص 5)

راولپنڈی، پانی کے باوجود بیدو دھانی کے کنارے ایک شخص چاقوروں کا قصہ بیچ رہا ہے

جعلی میڈیکل ویزوں پر پاکستان آنیوالے 9 افغان شہری گرفتار

پاکستان کے وزٹ ویزے بند ہونیکی وجہ سے افغان شہریوں کی بڑی تعداد علاج کے بہانے ویزے حاصل کر رہی ہے

ایسے افغانی شہریوں کے ویزے تو درست ظاہر ہوئے ہیں مگر انکا جعل سازی کر کے داخل ہونا جرم ہے، حکام

اسلام آباد (انٹرنیٹ ڈیسک) حکومت پاکستان کی جانب سے افغانستان کے شہریوں کے لیے پاکستان کے وزٹ ویزے بند ہونے کی وجہ سے افغانیوں کی بڑی تعداد نے جعلی میڈیکل سرٹیفکیٹس کی بنیاد پر علاج کے بہانے پاکستان آنا شروع کر دیا۔ پاکستان سے امریکا اور جاپان جانے کی کوشش میں دن میں 9 افغان شہریوں کو ایف آئی اے حکام کے مطابق پاکستان کے وزٹ ویزے بند ہونے کی وجہ سے افغان شہریوں کی بڑی تعداد (بقیہ نمبر 3 ص 3)

ڈاکوؤں کی پولیس پر فائرنگ، جوابی کارروائی میں ایک ڈاکو ہلاک

واقعے کے بعد 2 ڈاکو فرار ہو گئے پولیس نے ڈاکوؤں کی گرفتاری کیلئے سرچ پگ شروع کر دی

راولپنڈی (این ایس آئی) راولپنڈی کے علاقے پیر ودھائی کے علاقہ میں رات کے سمے موٹر سائیکل سوار 3 ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے جواب میں ایک ڈاکو ہلاک اور 2 فرار ہو گئے۔ راولپنڈی پولیس کے مطابق ہلاک ڈاکو کے قبضے سے موٹر سائیکل برآمد ہوئی، اسی دوران موٹر سائیکل کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی تاہم جوابی فائرنگ (بقیہ نمبر 2 ص 5)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

ڈگری۔ آل پرائیویٹ اسکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن میرپور خاص ریجن کی سالانہ 15 ویں جشن عید میلاد النبی ﷺ تقریب

پروقار تقریب ماہر تعلیم پروفیسر لیاقت علی کے زیر زیر صدارت منعقد ہوئی

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) آل پرائیویٹ اسکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن میرپور خاص ریجن کی سالانہ 15 ویں جشن عید میلاد النبی ﷺ تقریب میرٹ پیلس پبلک اسکول کے زیر اہتمام منعقد ہوا۔ تقریب میں مختلف پرائیویٹ اسکولز کے طالب علموں کے درمیان نعت، تقاریر اور پینٹنگ مقابلے منعقد ہوئے۔ پروقار تقریب ماہر تعلیم پروفیسر لیاقت علی کے زیر زیر صدارت منعقد ہوئی۔ ایسوسی ایشن کے صدر فیصل خان رندی کے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ مہمان گرامی تعلیمی بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر رضا چانڈیو، ڈائریکٹر پرائیویٹ (بقیہ نمبر 3 ص 8)

سی پی او کا فائرنگ سے ایک شخص کے جاں بحق ہونے کا نوٹس

ایس پی راول سے رپورٹ طلب، ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم

راولپنڈی (این ایس آئی) رحمٰن امرال کے علاقہ میں فائرنگ سے ایک شخص کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد بھاٹی کا نوٹس لیا، ایس پی راول سے رپورٹ طلب کر کے ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق رحمٰن امرال کے علاقہ میں فائرنگ سے ایک شخص کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد بھاٹی کا نوٹس لیا، ایس پی راول سے رپورٹ طلب کر کے ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔ (بقیہ نمبر 9 ص 3)

راولپنڈی، بڑی تعداد میں شہری کوڑے کے ڈھیر پر جمع ہو کر خرید رہے ہیں

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنائیں، ڈی آئی جی اسلام آباد

ڈولفن سکواڈ کے ہمراہ تھانہ جات کے خصوصی پیٹ افسران تعینات

اسلام آباد (این ایس آئی) وفاقی دارالحکومت میں جرائم کی بیخ کنی کیلئے گشت موثر بنانے کیلئے ڈولفن سکواڈ کے ہمراہ تھانہ جات کے خصوصی پیٹ افسران تعینات کر دیئے گئے، ہر تھانے میں اکھوائری افسر شہریوں کی فوری دادرسی کیلئے بنائے گئے تھانہ جات کے مشترکہ آپریشن، سڑکوں پر ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ کا باعث بننے والی ریڑھیوں کو ہٹا دیا گیا جس کا شہریوں نے بھرپور خیر مقدم (بقیہ نمبر 36 ص 3)

تجاوزات اور غلط پارکنگ کیخلاف کینٹ اور ٹریفک حکام کا آپریشن

22 نمبر، ڈھوک سیداں، پکیری روڈ پر ٹریفک میں رکاوٹ ریڑھیاں ہٹا دی گئیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ کے علاقہ ڈھوک سیداں اور 22 نمبر چونگی سے آتھوالی میں دھیمال چکری روڈ پر تجاوزات اور غلط پارکنگ کیخلاف کینٹ بورڈ اور راولپنڈی سٹی

ایس پی انڈسٹریل زون کا مختلف ناکہ جات کا دورہ

سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے ہدایات جاری کیں

اسلام آباد (این ایس آئی) ایس پی انڈسٹریل ایریا زون کا مختلف ناکہ جات کا دورہ کیا اور ڈیوٹی پر مامور اسلام آباد پولیس کے افسران اور جوانوں سے ملاقات کی اور سبھی کا خوشگوار واقع سٹیشن اور سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیکر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس پی انڈسٹریل ایریا زون علی رضا نے انڈسٹریل ایریا زون کے مختلف ناکہ (بقیہ نمبر 37 ص 3)

کوہٹ پولیس کی کارروائی، کار لفٹر گرفتار، مسروقہ سوزوکی پک اپ برآمد

راولپنڈی (این ایس آئی) کوہٹ پولیس کی کارروائی کے دوران کار لفٹر گرفتار کر لیا، مسروقہ سوزوکی پک اپ بھی برآمد، ملزم سے گاڑی ایک ماڈیل پلیٹری فارم سے چرائی تھی، کوہٹ پولیس نے یوسین اجمل بھٹی سمیت دیگر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے مسروقہ گاڑی برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق کوہٹ پولیس نے (بقیہ نمبر 30 ص 3)

چار اشتہاری وعادی مجرمان سمیت 14 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

قبضہ سے بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن، برآمد

اسلام آباد (این ایس آئی) اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران منشیات فروشی و دیگر جرائم میں ملوث چار اشتہاری و عادی مجرمان سمیت 14 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن، برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کر لئے گئے، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیکر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف "نشہ اب نہیں (بقیہ نمبر 4 ص 1)

اقوام متحدہ اجلاس پر شہباز اور جو بائیڈن ملاقات طے نہیں: منیر اکرم

افغان طالبان کی بہت سی پالیسیوں سے اختلاف کے باوجود رابطے ضروری ہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این ایس آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ یو این اجلاس کے موقع پر وزیر اعظم شہباز شریف اور امریکی صدر جو بائیڈن کی ملاقات طے نہیں۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے منیر اکرم کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم شہباز شریف جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل میں خطاب کریں گے، ان کی اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور دیگر اہم ممالک کے سربراہان سے ملاقات ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ خطرناک نہیں (بقیہ نمبر 2 ص 4)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035